پھیلی ہوئی ہے۔ سچے اسلامی تصوف کے لوازم پر الگ الگ تفصیلی بحث ہے اور مروجہ مغالطوں کو صاف کرنے کی کوشش بھی ساتھ ساتھ کی گئی ہے۔

خدا کرے کہ پاکستانی ناشر نے یہ کتاب انڈیا کے مصنف کی باقاعدہ اجازت سے شائع کی ہو۔

مجاہدینِ ہزارہ
تالیف: داؤد کوثر
پتہ: نظیر دی ہٹی، مانسہرہ ہزارہ
قیمت: -/۲۲ روپے

ہزارہ کے ایک جواں سال صاحب قلم نے بڑے اہم موضوع پر قلم اٹھایا ہے۔ یہ تحریک مجاہدین کے زیر اثر ہزارہ کے سرفروشوں کی داستانِ جہاد ہے جس کے ساتھ ساتھ غداروں اور مفسدوں کی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ ہر چند کہ تحریک مجاہدین اور اُس کے قائدین اور شہداء کے متعلق متعدد اچھی کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ مگر تحریک کا حق اُن علاقوں کے لکھنے والوں پر خاص طور پر آتا ہے کہ وہ آبادیوں، راستوں، جنگ کے میدانوں اور آثار و نشانات کو سامنے رکھ کر مقامی ذرائع سے جن حقیقتوں کی پردہ کشائی کر سکتے ہیں، ضرور کریں۔ اِس سلسلے کی یہ ایک اچھی کوشش ہے۔

محمد عمر مہاجر
مؤلفہ: فریبہ عقیل
ناشر: عصری مطبوعات۔ کراچی
پتہ: اے ۳۲۲۔ بلاک ڈی شمالی ناظم آباد۔ کراچی
قیمت: -/۲۰ روپے

ہم فریبہ عقیل کے الفاظ ہی سے مدد لیتے ہیں، لکھتی ہیں: "بابا کے انتقال کو اب ۳ سال ہو چکے ...... بابا نے نہ اپنے مسودات کو حفاظت اور ترتیب سے رکھنے کا کبھی اہتمام کیا، اور نہ مطبوعہ تحریروں کو جمع کیا ...... بابا کی تحریریں موضوعات کے لحاظ سے بہت متنوع ہیں۔ انہوں نے ادبی اور تنقیدی مضامین بھی لکھے، تعارفی اور شخصی خاکے بھی تحریر کیے اور افسانے اور ڈرامے بھی لکھے ...... بابا نے پاکستان آنے کے بعد زیادہ تر ریڈیو کے لیے ہی لکھا۔"

اب اندازہ کر لیجیے کہ کیسی وہ شاخِ شگوفہ در شگوفہ تھی جس کی اب صرف خوشبو باقی ہے ـ تین ہجرتیں کرنے والے خاندان کے اس ممتاز فرد کے متعلق مسعود جاوید نے کیا خوب لکھا ہے۔ "اُن کی شخصیت میں عجم کا حُسنِ تخیل اور عرب کا سوزِ دروں تھا"۔ اس کتاب میں مہاجر صاحب کی تحریریں، یعنی مضامین، افسانے،